JAMADI UL AWWAL 1445

شمارہ: 22

DECEMBER 2023

1. امارت-پاکستان تعلقات اور اگست 2021ء سے قبل پاکستان میں ہونے والے حملے

2. فوج اور مقبوضہ ریاستی زمین

3. تحریک طالبان پاکستان کے نشریاتی ادارے عمر میڈیا کے مسئول محترم چودھری منیب الرحمن جٹ صاحب کے ساتھ انٹرویو

HTTP://T.ME/TTPMAGAZINE
@umarmedia
HTTP://WWW.UMARCENTER.MEDIA

فہرست

اداریہ

مملکت خداداد پاکستان سے افغان مہاجرین کی جبری بے دخلی

اسلام کے نام پر حاصل کیے جانے والے ملک پاکستان میں پاکستانی حکومت اور اسٹیبلشمنٹ نے ملی بھگت سے ہمیشہ کی طرح ایک مرتبہ پھر مسلمانوں پر ہی شب خون مارا ہے یہ کیسا اسلامی ملک ہے کہ جہاں پر ہمیشہ مسلمانوں سے ہی زیادتی کی جاتی ہے؟ وحدت امت اور اسلامی اخوت کا درس دینے والے علماء کرام اور سیاسی قائدین اس ظلم پر کیوں خاموش ہیں کہ چار دہائیوں سے اس ملک میں بسنے والے ہمارے مسلمان افغان بھائی، جنھوں نے اپنے خون پسینے کی کمائی سے پاکستان میں اپنے گھر بار بنائے اور ملک کے طول و عرض میں پھیلے اپنے کاروباروں کی بدولت پاکستانی معیشت کو سہارا دیا، اب جبکہ ان کی اگلی نسلیں بھی یہاں آباد ہو چکیں اور وہ خود بڑھاپے کی حالت میں پہنچ چکے تو انہیں ذلیل و رسوا کر کے پاکستان سے نکالا جا رہا ہے ان کے گھروں میں گھس کر چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کیا جا رہا ہے، مساجد میں اعلانات کروائے جا رہے ہیں، چوکوں اور چوراہوں پر ہمارے افغان بھائیوں کو ذلیل و رسوا کیا جا رہا ہے ملکی معیشت کی تباہی کا الزام پناہ گزین افغان مسلمانوں پر تھوپ کر یہ جرنیل اور حکمران اگر یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی گلوخلاصی ہو جائے گی تو اب یہ نا ممکن ہے الحمدللہ پاکستان کی عوام ان حکمرانوں اور جرنیلوں کی چال بازیوں کو اچھی طرح سمجھ چکی ہے، اب وہ ان جرنیلوں اور کرپٹ سیاستدانوں کے دام و فریب میں آنے والی نہیں ہے پاکستان میں بسنے والے مسلمان اس حقیقت کا ادراک کر چکے ہیں کہ یہی جرنیل گزشتہ چالیس سال سے انہی معصوم افغانوں کے نام پر عالمی برادری سے ڈالر بٹور رہے تھے اور اپنی جیبیں گرم کر رہے تھے اب جبکہ امارت اسلامیہ افغانستان اپنے پاؤں پر کھڑی ہو چکی ہے اور پاکستانی حکمرانوں اور جرنیلوں کو اپنے بیرونی آقاؤں کی طرف سے افغان جنگ اور پناہ گزین کے نام پر ملنے والی امداد بند ہو چکی ہے تو انہوں نے یہ مکروہ قدم اٹھایا ہے یہ جرنیل باخبر رہیں کہ یہ اقدام اٹھا کر ناپاک فوج اور کرپٹ حکمرانوں نے اپنے ہی پاؤں پر کلہاڑی ماری ہے۔ پاکستان میں ابھی ایسے مسلمان کثیر تعداد میں موجود ہیں جو اسلامی اخوت اور بھائی چارے کو اور اس حوالے سے دینی تعلیمات اور احکامات کو خوب اچھی طرح سمجھتے ہیں

بقول احسن عزیز شہید رحمہ اللہ:

ہندی ہو، حجازی ہو، تُرکی ہو، عِراقی ہو
اللہ کی اک رسی، امت کو ملاتی ہے

وہ دن دور نہیں جب پاکستان میں بسنے والے باغیرت اور باحمیت مسلمان ان جرنیلوں کے مکروہ اقدامات کا جواب بھرپور طریقے سے دیں گے اور اپنے مسلمان بھائیوں پر ہونے والے ایک ایک ظلم کا بدلہ اس ناپاک فوج سے لیں گے ان شاء اللہ العزیز

پاکستان میں موجود علماء کرام کے خاص طبقے کو چاہیے تھا کہ وہ کم از کم اس ظلم پر آواز اٹھا کر اپنا فرض منصبی تو ادا کرتے مگر افسوس کہ ہمارے علماء کرام کو بھی وطنیت کے نشے میں یہ غیر اسلامی اقدام بلکل بجا معلوم ہو رہا ہے

بقول شاعر:

وائے ناکامی متاع کارواں جاتا رہا
کارواں کے دل سے احساس زیاں جاتا رہا

تذکرہ حضرت طلحہ بن عبید اللہ التمیمی رضی اللہ عنہ

استاد ذاکر

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ وہ خوش قسمت صحابی ہیں کہ جن کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان مبارک ہے کہ "اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس زمین پر زندہ شہید کو دیکھے تو وہ طلحہ بن عبید اللہ کو دیکھ لے"۔

ان کے اسلام لانے کا واقعہ کچھ اس طرح ہے کہ یہ ایک تجارتی قافلے کے ہمراہ بصرہ جارہے تھے، وہاں کے ایک بازار میں ان کی ملاقات ایک راہب سے ہوئی جو مکہ مکرمہ سے آنے والے لوگوں سے مکہ کے حالات دریافت کررہا تھا اور پوچھ رہا تھا کہ کیا وہاں نبی احمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور ہو چکا ہے؟ اس مہینے ان کا ظہور ہونا تھا، ان کا نام محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب ہے۔ مکہ میں ان کا ظہور ہونا تھا اور وہ مدینہ طیبہ ہجرت کریں گے، اسی طرح اس راہب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چند اور نشانیاں بھی بتلائیں۔ حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ نے اس راہب سے کہا کہ میں مکہ سے ہوں تو اس راہب نے کہا کہ اے نوجوان! جلدی کرو اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری دو۔

حضرت طلحہ بن عبید اللہ پر اس راہب کی باتوں کا اتنا اثر ہوا کہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر مکہ کا رخ کیا، وہاں پہنچ کر آپ رضی اللہ عنہ نے حالات دریافت کیے کہ کیا کوئی نیا واقعہ پیش آیا ہے تو لوگوں نے بتایا کہ محمد بن عبد اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کی تصدیق کی ہے، چنانچہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے دریافت کیا کہ کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آئے ہیں؟ تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اثبات میں جواب دیا اور اپنی آپ بیتی بھی سنائی اور حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کو بھی اسلام لانے کی دعوت دینے لگے تو حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ نے انہیں راہب کا واقعہ سنایا جسے سن کر وہ حیران رہ گئے۔ انہوں نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تم ابھی میرے ساتھ چلو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو واقعہ بھی بتاؤ اور خود ان کی باتیں بھی سنو تاکہ تم دائرہ اسلام میں داخل ہو سکو۔ چنانچہ آپ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اسلام کی دعوت دی اور قرآن مجید کی چند آیتیں سنائیں اور دنیا اور آخرت کی بھلائی کی خوشخبری دی تو ان کا سینہ اسلام کے لیے کھل گیا۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو راہب کا واقعہ سنایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہت خوش ہوئے کہ ایک راہب نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور کی خبر دی۔ چنانچہ حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں کلمہ پڑھ کر اسلام قبول کرلیا اور چوتھے شخص بن گئے جنہوں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ذریعے اسلام قبول کیا۔ چونکہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کا تعلق قریش سے تھا، قریش پر آپ رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کی خبر بجلی بن کر گری۔ سب سے زیادہ افسوس آپ کی والدہ کو ہوا کیونکہ وہ اپنے بیٹے کو سردار دیکھنا چاہتی تھیں اس لیے کہ ان کے اندر سردار بننے کی بھرپور صلاحیتیں موجود تھیں۔ چنانچہ ان کی قوم کے لوگوں نے انہیں اسلام سے منحرف کرنے کے لیے بہت کوششیں کیں مگر آپ استقامت کے ساتھ ڈٹے رہے تو انہوں نے آپ رضی اللہ عنہ کو بہت تکالیف اور اذیتیں دینا شروع کردیں، جنہیں حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ دیگر مسلمانوں کی طرح خندہ پیشانی سے برداشت کرتے چلے گئے مگر اپنے موقف سے پیچھے نہ ہٹے۔

غزوۂ احد کے موقع پر جب مشرکین نے پلٹ کر حملہ کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زخمی ہو گئے، کفار مسلسل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تعاقب کررہے تھے تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نقصان پہنچائیں مگر حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بھرپور طریقے سے دفاع کیا اور کفار پر حملہ کرتے رہے اور پہاڑی پر چڑھنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد بھی کرتے رہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دفاع میں انہوں نے اپنے جسم پر ستر سے زائد زخم کھائے اور ان کا دایاں ہاتھ بھی کٹ گیا مگر انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو محفوظ مقام پر پہنچا دیا۔ اس موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کو زندہ شہید کا لقب بھی دیا تھا۔

اس کے علاوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں نیک طلحہ، سخی طلحہ اور فیاض و فراخ دل طلحہ کے لقب سے بھی پکارتے تھے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ بڑی فراخدلی سے اپنا مال ضرورتمندوں اور محتاجوں میں تقسیم فرمادیا کرتے تھے اس لیے انہیں زبان رسالت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ القابات ملے تھے۔

حال ہی میں پاکستان میں ریاستی سطح پر افغانستان کے حوالے سے دو اہم مسئلے زیر بحث ہیں۔ ایک مسئلہ یہ ہے کہ امارت اسلامیہ افغانستان کے حکومت میں آنے کے بعد پاکستان میں حملوں میں تیزی آئی ہے اور دوسرا یہ کہ ان حملوں میں افغان مہاجرین ملوث ہیں۔ پہلے مسئلے کا مختصر جواب تو یوں بھی دیا جاسکتا ہے جیسا کہ سنجیدہ مجالس میں وزیر خارجہ افغانستان محترم مولوی امیر خان متقی دے چکے ہیں کہ پاکستان میں یہ مسئلہ تقریبا دو عشروں سے جاری ہے، ہماری حکومت میں نہیں اٹھا۔ مہاجرین کے حوالے اگر کہا جائے تو یہ تقریبا ۱۷ ملیین افراد کی بات ہے، ایک چوتھائی بھی اگر حملوں میں ملوث ہو جائے تو اندازہ لگائیں کہ پاکستان کا کیا حال ہوتا درحالیکہ اقوام متحدہ کی رپورٹس کے مطابق تحریک طالبان پاکستان کے مجاہدین کی تعداد چھ سے دس ہزار تک ہے۔

بہر حال، ایک نظر دوڑاتے ہیں ان بڑے اور تاریخی حملوں پر جو اگست ۲۰۲۱ء یعنی افغانستان میں امارت اسلامیہ افغانستان کی حاکمیت سے قبل ہوئے ہیں۔

لاہور:

مارچ ۲۰۰۹ء میں ۱۲ مسلح افراد نے کرکٹ میچ کے دوران سری لنکن کرکٹ ٹیم پر حملہ کیا، جس میں کرکٹ ٹیم اور عملہ کے چھ افراد زخمی اور پانچ پولیس اہلکار ہلاک ہوئے۔

جولائی ۲۰۱۰ء میں داتا دربار میں دو حملہ آوروں نے حملہ کر کے کم از کم ۵۰ افراد کو ہلاک اور ۲۰۰ کے قریب کو زخمی کیا۔

نومبر ۲۰۱۴ء میں واہگہ بارڈر پر پرچم اتارنے کی تقریب کے وقت دھماکہ ہوا، جس میں ۱۶۰ سے زائد افراد ہلاک و زخمی ہوئے۔

مارچ ۲۰۱۶ء میں گلشن اقبال پارک میں دھماکہ ہوا، جس میں ۷۲ افراد ہلاک اور ۳۰۰ سے زائد زخمی ہوئے۔ یہ حملہ لاہور میں ہونے والے مہلک ترین حملوں میں سے ایک تھا۔

کراچی:

اپریل ۲۰۰۶ء میں نشتر پارک میں پاکستان سنی تحریک کی ایک مذہبی تقریب پر دھماکہ ہوا، جس میں ۱۶۰ سے زائد افراد جاں بحق و زخمی ہوئے۔

جنوری ۲۰۱۴ء میں لیاری ایکسپریس وے پر ایک حملے میں بدنام زمانہ پولیس آفیسر چوہدری اسلم کو ہلاک کر دیا گیا۔

جون ۲۰۱۴ء میں کراچی کے جناح نیشنل ایئرپورٹ پر حملہ ہوا جس میں تقریبا ۵۰ افراد ہلاک و زخمی ہوئے اور بڑا مالی نقصان بھی ہوا۔

جون ۲۰۲۰ء میں اسٹاک ایکسچینج جیسے اہم اور محفوظ مقام پر حملہ ہوا جس میں کئی افراد ہلاک و زخمی ہوئے اور بڑا مالی نقصان بھی ہوا۔

پشاور:

دسمبر ۲۰۱۲ء میں باچا خان ایئرپورٹ پر حملہ ہوا، جس میں تقریبا ۵۰ افراد ہلاک و زخمی ہوئے اور مالی نقصان بھی ہوا۔

ستمبر ۲۰۱۳ء میں قصہ خوانی بازار میں دھماکہ ہوا جس میں ۱۵۰ افراد ہلاک و زخمی ہوئے۔ اسی مہینے اس نوعیت کے پشاور میں تین دھماکے ہوئے تھے۔

اگست ۲۰۱۵ء میں پشاور کے بڈھ بیر ایئر بیس پر ایک حملے میں ۳۰ سے زائد اہلکار ہلاک و زخمی ہوئے اور بڑا مالی نقصان بھی ہوا

۔

کوئٹہ:

اکتوبر ۲۰۱۶ میں کوئٹہ میں پولیس کے ایک تربیتی مرکز پر حملہ ہوا جس میں ۱۸۰ سے زائد اہلکار ہلاک و زخمی ہوئے۔
اگست ۲۰۱۶ء میں ایک ہسپتال میں دھماکہ ہوا جس میں ۵۰ سے زائد وکلاء سمیت ۷۷ افراد ہلاک اور ۱۰۰ زخمی ہوئے۔

دیگر شہروں میں ہونے والے بڑے واقعات:

دسمبر ۲۰۰۷ء میں راولپنڈی کے لیاقت باغ میں ایک حملے میں سابقہ وزیر اعظم بے نظیر بھٹو کو بیس سے زائد کارکنوں سمیت قتل کر دیا گیا۔

ستمبر ۲۰۰۸ء میں اسلام آباد کے میریٹ ہوٹل پر حملہ ہوا جس میں ۳۰۰ سے زائد افراد ہلاک و زخمی ہوئے۔

اگست ۲۰۱۵ء میں اٹک کے علاقے شادی خان میں ایک حملے میں پنجاب کے وزیر خارجہ شجاع خانزادہ کو ۱۴ افراد سمیت قتل کر دیا گیا۔

مذکورہ حملے مشت نمونہ خروار ہیں، قبائلی علاقوں اور بلوچستان سمیت کراچی تا چترال آپ نے خبریں دیکھی اور پڑھی ہوں گی، جس سے آپ کو اندازہ ہو گیا ہو گا کہ ۲۰۲۱ء سے پہلے وہاں کیا کیا ہوا؟۔
یہ یاد رہے کہ یہ تمام حملے تحریک طالبان پاکستان کے نہیں ہیں بس صرف یاد دہانی کیلئے تذکرہ کیا گیا ہے کہ یہ یہ واقعات پیش آئے ہیں۔

امارت اسلامیہ افغانستان کی حمایت کو ایک طرف رکھ کر اگر پاکستان کی حکومتی پالیسیوں پر غور کیا جائے تو آپ اندازہ لگا سکیں گے کہ یہ عقل سے ماوراء اور صرف ہٹ دھرمی اور جبر پر مبنی فیصلے کرتے ہیں۔ انہیں افغانستان کو کسی بھی حال میں دبا کر رکھنا ہے، جس کیلئے انہوں نے اولا تحریک طالبان پاکستان کے مسئلے کو اجاگر کیا پھر کنڑ اور خوست پر بمباریاں کیں اور اب لاکھوں مہاجرین کو وطن واپس بھیج حکومت کو دباؤ میں رکھنے کا ایک اور حربہ استعمال کیا لیکن امارت اسلامیہ افغانستان نے اللہ کی مدد سے ان کا خوب استقبال کیا اور پاکستان سمیت دنیا بھر کو دکھایا کہ وہ غریب تو ہو سکتے ہیں مگر اپنوں کو ذلیل ہونے نہیں دے سکتے۔

رہا نیٹو کے اسلحے کے استعمال کا مسئلہ تو خیبر تا کراچی خصوصا لاہور میں اسلحے کی مارکیٹوں میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ بریٹا پستول، M4 اور M16 بآسانی میسر ہیں بلکہ پولیس اور فوج خود اسلحے کی سمگلنگ میں ملوث ہوتے ہیں تو ایسے میں اس مسئلے کو لیکر صرف امارت اسلامیہ پر الزامات لگانا کہاں کا انصاف ہے؟۔ والی اللہ المشتکیٰ۔

تحریک طالبان پاکستان کے نشریاتی ادارے عمر میڈیا کے مسئول محترم چودھری منیب الرحمن جٹ صاحب کے ساتھ انٹرویو

سلسلہ انٹرویوز میں اس مرتبہ تحریک طالبان پاکستان کے واحد رسمی نشریاتی ادارے عمر میڈیا کے مسئول چودھری منیب الرحمن جٹ صاحب کا انٹریو شامل کیا گیا ہے۔

ٹیم مجلہ طالبان: محترم منیب الرحمن صاحب، سب سے پہلے ہمارے قارئین کو اپنا تعارف کروائیں۔

منیب الرحمن: میرا نام چودھری منیب الرحمن جٹ ہے اور پنجاب کے شہر سیالکوٹ سے آبائی تعلق ہے۔ میں نے اپنی ابتدائی دینی وعصری تعلیم پنجاب کے مختلف تعلیمی اداروں سے حاصل کی ہے، اور آج کل تحریک طالبان پاکستان کے عمر میڈیا کی خدمات انجام دے رہا ہوں ۔

ٹیم مجلہ طالبان: بحیثیت "پنجابی طالبان" آپ کا ساتھیوں سمیت تحریک طالبان پاکستان میں کیسا تجربہ رہا ہے؟

منیب الرحمن: الحمد للہ تحریک طالبان پاکستان، خیبر تا بولان تمام قومیتوں کے مجاہدین کے لیے ایک شجر سایہ دار کی مانند ہے۔

ٹیم مجلہ طالبان: کیا پشتون پٹی کے علاوہ دیگر اقوام کے طالبان بھی اس صف میں موجود ہیں، ان کی فیصدی کیا ہوگی؟

منیب الرحمن: جی بالکل پاکستان کے تمام صوبوں سے مختلف اقوام کے مجاہدین بڑی تعداد میں تحریک طالبان پاکستان کا حصہ ہیں لیکن تحریک میں قومیت کی بنیاد پر کوئی تقسیم نہیں ہے سب ایک دوسرے کے ساتھ دوستوں اور بھائیوں کی طرح رہتے اور ایک دوسرے کا دست وبازو ہیں اس لیے کبھی کسی قوم کی فیصدی معلوم کرنے کی طرف توجہ مبذول ہی نہیں ہوئی۔

ٹیم مجلہ طالبان: کیا تحریک طالبان پاکستان میں عہدوں کی تقسیم یا خدمات انجام دینے میں قوم پرستی پائی جاتی ہے؟

منیب الرحمن: نہیں، تحریک طالبان پاکستان میں ایسی کوئی تقسیم نہیں پائی جاتی بلکہ تحریک طالبان پاکستان میں ذمہ داریوں اور خدمات کے تعین کے دوران قومیت کی بجائے سیاست شرعیہ کے مطابق فرد کی صلاحیت اور تحریک کی ضروریات کو دیکھ کر ذمہ داریاں تفویض کی جاتی ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ تحریک طالبان پاکستان کسی قومی ولسانی تحریک کی بجائے ملکی سطح کی تحریک کے طور پر پورے پاکستان میں مضبوط بنیادوں پر سرگرم ہے۔ اسکی بہت ساری عملی مثالیں موجود ہیں اور اسکی ایک عملی مثال میں خود بھی ہوں۔

ٹیم مجلہ طالبان: بحیثیت مسئول عمر میڈیا، آپ تحریک طالبان پاکستان کیلئے میڈیا کی موجودہ خدمات کو کیسے دیکھتے ہیں؟

منیب الرحمن: عمر میڈیا بنیادی طور پر تحریک طالبان پاکستان کی عسکری وسیاسی جدوجہد کا دعوتی وابلاغی بازو ہے، جو کہ عوام کے ساتھ ڈائریکٹ رابطے کے ذریعے تحریک کے عسکری وسیاسی مقاصد کے حصول میں معاونت فراہم کرتا ہے۔ اس سلسلے میں میں سمجھتا ہوں کہ عمر میڈیا کی

پوری ٹیم نے دن رات محنت کر کے پاکستانی عوام تک اپنی دعوت پہنچانے کی بھرپور کوشش کی ہے۔

ٹیم مجلہ طالبان: آپ جب سے عمر میڈیا کے مسئول بنے ہیں، مختلف میڈیا چینلز پر آپ کا تذکرہ ہوتا رہا ہے، حقیقت کیا ہے؟ آپ کے آنے سے عمر میڈیا میں کیا تبدیلیاں آئیں؟

منیب الرحمن: عمر میڈیا کئی سالوں سے بہترین کام کر رہا ہے، اس لیے کسی کے آنے جانے سے اس کے کام پر کوئی فرق نہیں پڑتا لیکن ابھی چونکہ میڈیا کی اہمیت بہت بڑھ گئی ہے لہٰذا اسی اہمیت کے پیش نظر تحریک طالبان پاکستان کی قیادت کی طرف سے نئی حکمت عملی کے تحت جو باقاعدہ اعلامی کمیشن بنایا گیا ہے، اس کے ذمہ داران کی خصوصی توجہ اور عمر میڈیا کی نشریات تیار کرنے والی ٹیم کی انتھک محنتوں کی وجہ سے عمر میڈیا اس میدان میں ابھر کر سامنے آیا ہے۔ لہٰذا عمر میڈیا کے کام میں ترقی کا سارا کریڈٹ تحریک کی اعلیٰ قیادت بالخصوص امیر محترم مفتی ابو منصور عاصم نور ولی محسود حفظہ اللہ کی ذاتی دلچسپی، اعلامی کمیشن کے بالائی ذمہ داران اور عمر میڈیا کی نشریات تیار کرنے کے لیے دن رات محنت کرنے والے بے لوث ساتھیوں کو جاتا ہے، یہی عمر میڈیا کی ترقی کی اصل وجہ ہیں۔

ٹیم مجلہ طالبان: سال (۲۰۲۳ء) میں عمر میڈیا کی نشریات کی کیا تفصیلات ہیں؟

منیب الرحمن: اس وقت میڈیا میں عوام سے مخاطب ہونے کے جو مختلف پُراثر انداز اور طریقے رائج ہیں عمر میڈیا کی کوشش ہے کہ ان کو بروئے کار لا کر تحریک کی دعوت کو عوام تک پہنچایا جائے اسی کے پیش نظر عمر میڈیا کی طرف سے نشریات کے مختلف انداز اپنانے پر توجہ دی جارہی ہے جس میں ویڈیو نشریات کے کئی سلسلے، قیادت کے آڈیو بیانات، مختلف مجلے، منزل اخبار، آڈیو اور ویڈیو پوڈکاسٹ، انفوگرافس، تصویری البمز، آڈیو نظمیں، اسلامی پوسٹرز، تحریری خبریں وغیرہ نشر کی جارہی ہیں۔ جن کو تحریک طالبان پاکستان کی آفیشل ویب سائٹ اور ٹیلی گرام کے نشریاتی بوٹ پر دیکھا جاسکتا ہے۔ گزشتہ ایک سال کے دوران ۸۰ سے زائد ویڈیوز، تقریبا ۱۲۰ اخبارات، ۳۰ آڈیو پوسٹ کاسٹ اور ۱۵ سے زائد آڈیو البمز شائع ہوئے ہیں۔ روزانہ کی خبریں اور حسب موقع اعلامیے وغیرہ اس کے علاوہ ہیں۔

ٹیم مجلہ طالبان: پاکستانی میڈیا کو آپ کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

منیب الرحمن: پاکستانی میڈیا کے لیے میرا پیغام ہے کہ میڈیا مالکان میڈیا کو ایک منافع بخش کاروبار بنانے اور مادہ پرست تہذیب پھیلانے کی بجائے پاکستان کی اسلامی اور نظریاتی بنیادوں کی خدمت کا ذریعہ بنائیں۔ میڈیا کو فوج اور روز بدلتی حکومتوں کی کاسہ لیسی اور غلامی سے نکال کر ملک میں صحافتی اصولوں کے مطابق غیر جانبدارانہ صحافت کو فروغ دیں، آزاد صحافت کرنے والے غیر جانبدار اور حق گو صحافیوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات کریں۔

ٹیم مجلہ طالبان: اہل پاکستان کیلئے آپ کا کیا پیغام ہے؟

منیب الرحمن: میں مجلہ طالبان کے توسط سے اپنے پاکستانی بھائیوں کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے تمام معاشی و معاشرتی مسائل کا حل اور آخرت میں کامیابی کا دارومدار اللہ تعالی اور اس کے رسول ﷺ کے احکامات و نظام کی پیروی اور نفاذ شریعت میں پوشیدہ ہے لہٰذا اپنے مسائل کا حل جمہوریت و سرمایہ داری جیسے باطل نظاموں میں تلاش کرنے کی بجائے پاکستان میں نفاذ شریعت کے لیے کوشش کریں، اور ملک میں نفاذ شریعت کے لیے برسرپیکار جہادی جماعت تحریک طالبان پاکستان کی دعوت کو سمجھیں اور اس کا ساتھ دیں۔

پاکستان میں حملے اور افغان مہاجرین

عبداللہ مجاہد

پاکستان عالمی اسٹیبلشمنٹ کی غلامی اور وفاداری کرتے ہوئے افغانستان پر دباؤ ڈالنے کی خاطر افغان مہاجرین کو غیر قانونی، غیر اسلامی اور غیر اخلاقی طور پر ملک بدر کر رہا ہے۔ جس سے افغان عوام کے دلوں میں پاکستان کے خلاف نفرت میں اضافہ ہوگا۔ ان حکمرانوں کے ظالمانہ اور منافقانہ کردار کی وجہ سے پاکستان اور افغانستان کے تعلقات کبھی اچھے نہیں رہے۔ عالمی اسٹیبلشمنٹ نے ہمیشہ دنیا بھر کے مسلمانوں کو آپس میں لڑانے کی سازش کی ہے اور وہ اس سازش میں منافق مسلم حکمرانوں کی مدد سے کامیاب بھی ہوئی ہے۔

اسی سازش کو عملی جامہ پہناتے ہوئے پاکستان کے کٹھ پتلی وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے ایک تقریر کی جس میں افغان حکومت پر الزامات کی بوچھاڑ کر دی۔ کاکڑ کے مطابق "تحریک طالبان کے لوگ افغانستان کی زمین استعمال کرتے ہوئے پاکستان پر حملے کرتے ہیں، اور پاکستان میں مختلف جرائم میں ملوث ہیں وغیرہ وغیرہ... ایسے بیانات اور پروپیگنڈا افغانستان میں طالبان کی حکومت قائم ہونے کے ساتھ ہی شروع ہو گیا۔ جس کا جواب امارت اسلامیہ کے حکام ہر موقع پر دیتے رہے ہیں۔

پاکستانی وزیر اعظم کے اس بیان پر افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے یہ بیان دیا ہے کہ "پاکستان کے نگران وزیر اعظم کی جانب سے آج سامنے آنے والے مختلف دعووں کے حوالے سے ہمارا موقف یہ ہے کہ جس طرح امارت اسلامیہ اپنے ملک افغانستان میں امن چاہتی ہے اسی طرح پاکستان میں بھی امن کی خواہاں ہے، امارت اسلامیہ کسی کو یہ اجازت نہیں دیتی کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال کرے، البتہ پاکستان کے اندر قیام امن امارت اسلامیہ کی ذمہ داری نہیں۔ آپ اپنے اندرونی مسائل خود حل کریں اور اپنی ناکامی کا ذمہ دار افغانستان کو قرار نہ دیں، امارت اسلامیہ کی فتح کے بعد مبینہ طور پر پاکستان میں بدامنی کے واقعات میں اضافہ اس بات کی دلیل نہیں کہ اس کے پیچھے افغانستان کارفرما ہے۔ افغانستان میں اسلحے محفوظ ہیں، کسی غیر ذمہ دار فریق کے ہاتھ نہیں لگے، اسلحے کی سمگلنگ ممنوع ہے اور ہر طرح کے غیر قانونی اقدامات کی روک تھام کی گئی ہے، افغانستان ایک برادر پڑوسی کی طرح پاکستان سے اچھے تعلقات کا خواہاں ہے، پاکستانی فریق کو بھی امارت اسلامیہ کی طرح حسن نیت کا ادراک کرنا چاہیے، اسے امارت اسلامیہ کہ اس عزم کہ ہم کسی بھی ملک کے اندرونی معاملات میں مداخلت یا کسی کے خلاف اقدامات نہیں کرنا چاہتے، پر کسی شک و شبے کا شکار نہیں ہونا چاہیے"۔ اسی طرح کچھ عرصہ قبل بھی ملا محمد یعقوب مجاہد نے ایک بیان دیا تھا کہ پاکستان امارت اسلامیہ پر بلاجواز الزامات لگاتا ہے، اگر افغانستان مسلح کارروائیوں میں ملوث ہوتا تو حملے سرحدی علاقوں میں ہوتے، اندرون شہروں میں نہیں"۔

اس کی تصدیق آپ مجلہ طالبان میں تحریک طالبان پاکستان کی کارروائیوں ماہانہ رپورٹ سے بھی کر سکتے ہیں۔ مشت نمونہ خروارے آپ اکتوبر کی کارروائیوں کی رپورٹ دیکھیں اور پھر پاکستان کا نقشہ دیکھیں تو حقائق واضح ہو جائیں گے کہ تحریک طالبان پاکستان پاکستان میں ہی منظم نیٹ ورک رکھتے ہیں۔ یہ صرف سیکیورٹی اداروں کی بزدلی اور ناکامی ہے کہ وہ مجاہدین کا مقابلہ نہیں کر سکتے تو افغانستان پر الزام لگا کر اپنی ناکامی کا ثبوت دھونے کی کوشش کرتے ہیں، اور پاکستان کا فرسودہ اور کرپٹ سسٹم ان الزامات کو حقیقت بنا کر پیش کرتا ہے۔

جب یہ سیکیورٹی ادارے مجاہدین کا سامنا نہیں کر پاتے تو یہ کہہ کر اپنی جان اور عزت بچانے کی کوشش کرتے ہیں کہ "دہشت گرد افغانستان بھاگ گئے" اور اس طرح ایک چھوٹے سے تھانے کا حوالدار یا کسی فوجی چوکی کا کمانڈر رپورٹ بنا کر اوپر بھیج دیتا ہے کہ سرحد پار سے حملہ ہوا۔ اوپر اسلام آباد اور راولپنڈی میں بیٹھے لوگ آنکھ بند کر کے وہ رپورٹس میڈیا پر آ کر پڑھ دیتے ہیں۔

کوئی ان غلام حکمرانوں سے پوچھے تو سہی کہ پشاور کے ساتھ کونسی سرحد لگتی ہے؟ جنوبی پنجاب کے ساتھ کونسا افغانستان ہے؟
ڈیرہ اسماعیل خان کون سے افغان صوبے کے ساتھ واقع ہے؟
بنوں کس ملک کی سرحد سے ملتا ہے؟
حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے نظام اور ظالم حکمرانوں سے تنگ آ کر لوگ جوق در جوق تحریک طالبان پاکستان میں شامل ہو رہے ہیں اور یہ ایک حقیقت ہے کہ ملک کے کونے کونے میں تحریک طالبان کے چاہنے والے موجود ہیں۔
وہ وقت دور نہیں جب پاکستان کے سیاست دان اور جرنیل سابقہ افغان حکومت کی طرح دولت سمیٹ کر بھاگیں گے اور پاکستان میں بھی افغانستان کی طرح مستحکم اسلامی نظام قائم ہوگا۔ وما ذالک علی اللہ بعزیز۔

فوج اور مقبوضہ ریاستی زمین قسط (۱)

مولا اسیر الاسلام صافی

دور حاضر میں پاکستانی فوج بحیثیت ایک "گروپ" کسی بھی دوسرے سرکاری ادارے سے زیادہ زمین رکھتی ہے۔ یہ فوج تقریبا ۵۸ء۱۱ ملین ایکڑ زمین پر قابض ہے جو کہ تمام ریاستی زمین کا تقریبا ۱۲٪ بنتا ہے۔ دوسرے پاکستانی ادارے جیسا کہ پاکستان ریلوے، وزارت داخلہ و خارجہ وغیرہ بھی سرکاری زمینیں استعمال کرتے ہیں، لیکن یہاں ایک تو اعداد و شمار کے لحاظ سے بہت بڑا فرق ہے اور دوسرا یہ کہ دیگر ادارے زمینیں صرف سرکاری استعمال کیلئے کرتے ہیں مگر فوج کو یہ اختیار ہے کہ وہ انفرادی طور پر بھی زمین استعمال کرے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ "فوجی بھائی چارے" کے طور پر بھی زمین تقسیم کرتا ہے۔ فوجی افسران کے درمیان آپریشنل مقاصد کیلئے اس نوعیت کی تقسیم نے جنرل ضیاء الحق کے دور میں عروج پایا۔

زمین اور اسے متعلقہ ذرائع کا اس طرح کا استعمال اگر ایک طرف افراد اور اداروں کی مالی حیثیت مستحکم کرتی ہے تو دوسری طرف معاشی اور سیاسی قد میں بھی اضافہ ہوتا ہے اور فوج نے بھی یہی کیا، کہ ان ذرائع کو سیاسی مقاصد کیلئے بے دریغ استعمال کیا جس کی وجہ سے ملک کے شرافیہ کے ساتھ ان کا بہت مضبوط تعلق بنا ہوا ہے۔
آیئے، ہم فوج کی زیر قبضہ زمینوں کا ذرا سا جائزہ لیتے ہیں:

فوج اور دیہاتی زمین:

فوج زرعی زمینوں میں ایک اہم اسٹیک ہولڈر کی حیثیت رکھتی ہے، فوج کے ۵۸ء۱۱ ملین ایکڑ رقبے کا تقریبا ۵۹٪ یعنی ۹ء۶ ملین ایکڑ زمین دیہات میں ہے جس کی تقسیم کچھ یوں ہے۔

(۱) آپریشنل مقاصد کیلئے:

یہ بلاواسطہ فوج کے کنٹرول اور استعمال میں ہوتی ہے، جیسے کیمپ گراونڈز، فوج اور جانوروں کیلئے غلہ، چارہ اگانا اور ڈیری فارمنگ وغیرہ... جو کہ لگ بھگ ۷۰۰۰۰ ایکڑ زمین پر مشتمل ہے۔

(۲) فوج کی ذیلی تنظیموں کے زیر کنٹرول:

جیسے آرمی ویلفیئر ٹرسٹ (AWF) فوجی فاؤنڈیشن (FF) بحریہ فاؤنڈیشن (BF) وغیرہ... یہ زمین تقریبا ۳۵۰۰۰ ایکڑ ہے۔

فوج کے انفرادی ممبران کی ملکیت:

یہ ۸ء۶ ملین ایکڑ زمین ہے۔ یہاں یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ کوئی بھی سرکاری ادارہ یہ اختیار نہیں رکھتا کہ ریاستی سرکاری زمین کو اپنے افسران کے ذاتی مفاد کی خاطر آپس میں بانٹ لیں مگر فوج اس کے برعکس کرتی آرہی ہے۔

زرعی زمین، آپریشنل مقاصد کیلئے:

فوج تقریبا ۷۰۰۰۰ ایکڑ زمین آپریشنل مقاصد کیلئے استعمال کرتی ہے جیسے غلہ و چارہ، اس زمین کا ۶۰۰۰۰ ایکڑ پنجاب میں ہے جس میں سے ۳۵۵۰۸ ایکڑ رقبے پر غلہ و چارہ اگایا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ آج بھی فوج پنجاب کی سرکاری ۶۸۰۰۰ ایکڑ زمین کا تقریبا ۳۸ فیصد رقبہ اپنے کنٹرول میں رکھتا ہے۔

عام طور پر فوج ان معاملات کو بلکل بھی پبلک نہیں کرتی اور بی بی سی کے ایک رپورٹر کو معلومات طلب کرنے پر خبردار کرکے منع کر دیا گیا تھا۔ (مگر اب بہت کچھ پبلک ہو چکا ہے۔)

جاری ہے...

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ج فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَه وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ

امارت اسلامیہ افغانستان کے سرکردہ رہنماؤں کی سوانحِ حیات پر لکھی گئی پشتو کتاب دسپین کاروان سرلاري کا اردو ترجمہ "رہنمائے قافلۂ حق"

قسط (٦)

مترجم: شیخ ابو محمد حماد
فاضل دار العلوم کراچی

رئیس الوزراء ملا محمد ربانی صاحب رحمہ اللہ کی سوانح کا دوسرا حصہ:

مرحوم ملا محمد ربانی صاحب کا زہد اور تقویٰ:

مرحوم ملا محمد ربانی صاحب اعتقادی طور پر اہل سنت والجماعۃ اور سلف صالحین کے واضح اور روشن طریق کے پیروکار تھے، موصوف رحمہ اللہ ہر قسم کے خرافات اور بدعات سے بہت متنفر تھے، وہ ہمیشہ لوگوں کو قرآن وسنت کی پیروی اختیار کرنے کی دعوت دیتے۔ مرحوم ملا محمد ربانی صاحب اپنے دیگر اخلاقِ حسنہ اور فضائل کے ساتھ زُہد، تقویٰ اور دینداری کا عملی نمونہ تھے، رات کو قیام اللیل اور دن کو چاشت کی نماز اُن کی خصوصیات میں سے ہیں۔

ایثار و قربانی:

۱۳۶۶ ہجری شمسی کو صوبہ قندہار سے مجاہدین کی جہادی سرگرمیوں کو ختم کرنے کی غرض سے روسیوں کا بہت بڑا کانوائے آیا تو صوبہ قندہار "محلہ جات" کے علاقے میں ملا محمد ربانی صاحب کے بشمول بہت بڑی تعداد میں مجاہدین نے آمنے سامنے کی لڑائی شروع کی، یہ لڑائی تقریباً ایک ماہ تک جاری رہی، اس لڑائی میں جانبین کو کافی نقصانات اٹھانے پڑے۔ اسی لڑائی میں ملا محمد ربانی صاحب بھی شدید زخمی ہوئے، اسی طرح ملا عبد القیوم (جو اس لڑائی میں شریک تھے) کے بقول کہ اس لڑائی میں حاجی معاون صاحب سمیت ہمارے جبھہ (گروپ) کے چار ساتھی زخمی ہوئے، جب مجاہدین میدانِ جنگ سے زخمیوں کو لیجانے کی نیت سے آئے تو سب سے پہلے حاجی معاون صاحب کے پاس گئے، مگر انہوں نے فرمایا کہ میں ٹھیک ہوں، مجھ سے زیادہ وہ تین مجاہدین سخت زخمی ہیں، انہیں پہلے لیجاؤ۔ مجاہدین جب ان تینوں کو اٹھا کر حاجی معاون صاحب کے پاس آئے تو وہ اتنے شدید زخمی تھے کہ وہ اٹھ کر چلنے سے بھی قاصر تھے، مگر پھر بھی انہوں نے اپنے زخموں کی پرواہ کیے بغیر اُن زخمی مجاہدین کو میدانِ جنگ سے لیجانے پر اصرار کیا، جو اُن کے مقابلے میں معمولی زخمی تھے۔

عالمِ اسلام کے قضایا (مسائل) کا اہتمام:

امتِ مسلمہ سے متعلقہ مسائل و مشکلات کو ملا محمد ربانی صاحب اپنی زندگی کے اہم قضایا سمجھتے تھے، اور امارت اسلامی کی حاکمیت کے وقت فلسطین، چیچنیا، کشمیر اور دیگر اسلامی قضایا سے متعلق خصوصی اعلامیے صادر کرتے تھے۔

بے تکلفانہ زندگی:

مرحوم ملا محمد ربانی صاحب (کہ جن کی زیادہ تر زندگی اعلیٰ ادارتی اور فوجی مسئولیتوں میں گزری) کی طبیعت اور مزاج میں تکبر اور غرور کا معمولی شائبہ تک نہ تھا، ان کا اٹھنا بیٹھنا اور حرکات و سکنات ایک عام آدمی جیسے تھے، اپنے ساتھیوں کے مقابلے میں اپنے لیے کسی قسم کی امتیازی حیثیت اختیار کرنے کے قائل نہ تھے، رسمی کاموں اور مسئولیت کے دوران (یعنی حکومتی امور کی انجام دہی میں) ہر شخص اُن سے بآسانی ملاقات کر سکتا تھا، ان کا دربان فقط اس لیے تھا کہ مراجعین میں سے ہر شخص اپنی باری پر ملاقات کے لیے بلائے، مجاہدین کی عبوری حکومت میں وزارت کی معاونت سے لیکر رئیس الوزراء تک اعلیٰ مناصب میں بھی موصوف رحمہ اللہ کے پرسنل محافظین یا باڈی گارڈز نہ تھے، جو بھی اُن کے ساتھ سفر و حضر میں ہوتا وہی ان کا جہادی ساتھی اور شاگرد ہوتا۔ اپنے ساتھیوں کے ساتھ اُن کا تعامل اور چال چلن بے تکلفانہ تھا، کھانے پینے، اُٹھنے بیٹھنے میں ان کی کوئی امتیازی شان نہ تھی۔ ریاست الوزراء کی مسئولیت کے دوران اکثر و بیشتر "وزیر اکبر خان" سے صدارتی محل "ارگ" (ریاست الوزراء کے دفتر) تک اپنے تین چار ساتھیوں کے

ہمراہ چہل قدمی کرتے، اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ تمام جہادی اور سپورٹس کی سرگرمیوں میں بڑی خوشی کے ساتھ حصہ لیتے، اور ان کے ساتھی جو سپورٹس کے کھیل کھیلتے ان کھیلوں میں "چغ" نامی مقامی کھیل کو بہت پسند فرماتے تھے۔

مرحوم کی مالی حالت:

باوجود اس کے کہ مرحوم ملا محمد ربانی صاحب اپنے اعلیٰ مناصب اور مسئولیت کی اساس پر اسلامی امارت کی بجٹ میں آزادنہ تصرف کا اختیار رکھتے تھے، مگر پھر بھی انہوں نے اپنے ملک کے عام لوگوں جیسی زندگی بسر کرنا اپنائے رکھا۔ انہوں نے تاحیات اپنے آبائی گھر پر اکتفاء کیا، اور بیت المال سے اپنے لیے ذاتی مکان نہیں بنوایا، جب اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی طرف سے ۲۰۰۰ء کو افغانستان پر ظالمانہ اقتصادی پابندیاں لگادی گئیں اور اسی سلامتی کونسل کی طرف سے امارت اسلامیہ کے اراکین کے اکاؤنٹس منجمد کرنے کا اعلان ہوا تو امارت اسلامی کے دیگر اراکین کی طرح مرحوم رئیس الوزراء ملا محمد ربانی صاحب کا بھی کسی بینک میں کوئی اکاؤنٹ نہ تھا۔

لوگوں کے دلوں میں ان کی محبوبیت:

مرحوم ملا محمد ربانی صاحب اپنی نیک خصلتوں کی وجہ سے ہر کسی کے دل میں گھر بنا چکے تھے، افغانستان میں رہائش پذیر تمام اقوام اور طبقات ملا محمد ربانی صاحب کو اپنے ایک غمخوار اور صاحب عقل سربراہ کے طور پر دیکھتے۔ ان کی نمازِ جنازہ میں ہزاروں لوگوں نے شرکت فرمائی، اور بعض بااثر شخصیات ان کی جدائی پر خوب روئے۔

وفات:

بالآخر جہاد اور راہِ قتال کے نہ تھکنے والے مجاہد، زہد و تقویٰ کے عملی نمونہ، ایثار و قربانی کی مثال، اخلاق، شرافت اور فضیلت کے مینار نے تقدیرِ الٰہی سے سرطان کے مہینے میں طویل علالت کے بعد راولپنڈی پاکستان کے ہسپتال میں یکم محرم الحرام ۱۴۲۲ ہجری قمری کو اپنی روح مالکِ حقیقی کے سپرد کی، اور ہمیشہ کے لیے اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے، اللہ تعالیٰ ان کی روح کو خوش رکھے، اور ان کی یاد کو ہمیشہ تازہ رکھے۔

آئینِ پاکستان،
اسلامی یا غیر اسلامی؟
قسط (7)

شیخ عبدالرحمن حماد

گزشتہ سے پیوستہ قسط میں وعدہ کیا تھا کہ پہلے اُن دفعات پر بات کریں گے جنہیں آئین پاکستان کے اسلامی ہونے کے لئے عموماً لوگ پیش کرتے ہیں، مگر ریاستِ پاکستان کا افغان مہاجرین کے بارے میں ظالمانہ فیصلے کے آنے کے بعد حالاتِ حاضرہ کے پیشِ نظر اس پر گزشتہ قسط میں بات کی۔ اس دفعہ ارادہ تھا کہ فلسطین کے قضیے میں پاکستانی ریاستی اداروں کی مجرمانہ خاموشی کو موضوعِ بحث بناؤں مگر گزشتہ شمارے میں اس بارے میں کئی مضامین شائع ہونے کی وجہ سے اپنے کیے ہوئے وعدے کو پورا کرنے کا سوچتے ہوئے اس پر کام شروع کیا۔

معزز قارئین! آئین پاکستان میں دوسری دفعہ، جسے بعض حضرات اس کے اسلامی ہونے کے لیے بطورِ دلیل پیش کرتے ہیں دفعہ ۲۲۷ ہے، ہم قارئین کرام کے سامنے اس دفعہ کے الفاظ پیش کرتے ہیں اور بعد میں اس پر تبصرہ کریں گے، اس دفعہ کے الفاظ درج ذیل ہیں:

(۱) تمام موجودہ قوانین کو قرآن پاک اور سنت میں منضبط اسلامی احکام کے مطابق بنایا جائے گا، جن کا اس حصے میں بطور اسلامی احکام حوالہ دیا گیا ہے، اور ایسا کوئی قانون وضع نہیں کیا جائے گا جو مذکورہ احکام کے منافی ہو۔

[تشریح: کسی مسلم فرقے کے قانون شخصی پر اس شق کا اطلاق کرتے ہوئے، عبارت "قرآن و سنت" سے مذکورہ فرقے کی ہوئی توضیح کے مطابق قرآن اور سنت مراد ہو گی۔ (فرمان دستور، ترمیم سوم، ۱۹۸۰ء]

(۲) شق (۱) کے احکام کو صرف اس طریقہ کے مطابق نافذ کیا جائے گا جو اس حصہ میں منضبط ہے۔

(۳) اس حصہ میں کسی امر کا غیر مسلم شہریوں کے قوانین شخصی یا شہریوں کے بطور ان کی حیثیت پر اثر نہیں پڑے گا۔

یہ ہیں اس آرٹیکل کے الفاظ، اس آرٹیکل میں صاف طور پر یہ نہیں کہا گیا ہے کہ پاکستان کا قانون قرآن و سنت اور وہ احکام ہیں جو فقہائے کرام نے قرآن و سنت سے مستنبط کئے ہیں، بلکہ اس دفعہ میں صرف اتنی بات ہے کہ موجودہ قوانین کو قرآن و سنت میں منضبط اسلامی احکام کے مطابق بنایا جائے گا، بذاتِ خود اسلامی احکام کو قانونی حیثیت حاصل نہیں، بلکہ انگریز کے بنائے ہوئے قوانین کو اسلامیانے کا کام ایسے لوگوں کے سپرد کیا گیا

ہے۔جو دین بیزار ہیں (جیسے جاوید غامدی، قبلہ آیاز) حالانکہ موجودہ غیر اسلامی قوانین کے اسلامیانے کا عمل انتہائی خطرناک ہے، اس سے اسلامی احکام کا مقصد ہرگز پورا نہیں ہوسکتا جیسا کہ ہم نے گزشتہ قسط میں شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کے حوالے سے اس پر تفصیلاً بات کی، اس بارے میں مفتی صاحب کے کلام کا خلاصہ کچھ یوں ہے:

مندرجہ بالا وجوہ کی بنا پر ہماری حتمی رائے یہ ہے کہ ان بنیادی قوانین کی حد تک (جن میں بنیادی تصورات اور اقدار کا اختلاف ہے) محض مروجہ قوانین میں پیوند کاری (patch wrok) کر کے اسلامی قوانین کے حقیقی منزل حاصل نہیں کی جاسکتی، حقیقی منزل یہی ہوئی کہ تمام ایسے قوانین کو فقہی سانچے میں ڈھال کر اپنی قومی زبان میں مدون کیا جائے۔ (نفاذ شریعت اور اس کے مسائل، ص: ۶۵)

دوسری بات یہ کہ اس دفعہ میں مستقبل کے لیے اس قسم کا وعدہ نہیں کیا گیا ہے کہ آئندہ کوئی ایسا قانون نہیں بنایا جائے گا جو قرآن وسنت کے مخالف ہو، اور اگر بنایا گیا تو وہ تناقض کی حد تک کالعدم ہوگا، جس طرح اسی آئین میں بنیادی حقوق کے بارے میں دفعہ ۸ میں کہا گیا ہے کہ:

(۱) کوئی قانون، یا رسم یا رواج جو قانون کا حکم رکھتا ہو، تناقض کی اس حد تک کالعدم ہوگا جس حد تک وہ اس باب میں عطا کردہ حقوق کا نقیض ہو۔

(۲) مملکت کوئی ایسا قانون وضع نہیں کرے گی جو بایں طور عطا کردہ حقوق کو سلب یا کم کرے اور ہر وہ قانون جو اس شق کی خلاف ورزی میں وضع کیا جائے اس خلاف ورزی کی حد تک کالعدم ہوگا۔

تیسری بات مذکورہ دفعہ ۲۲۷ میں ابہام سے کام لیا ہے کہ "جن کا اس حصے میں بطور اسلامی احکام حوالہ دیا گیا ہے، اور ایسا کوئی قانون وضع نہیں کیا جائے گا جو مذکورہ احکام کے منافی ہو"۔

اس میں دو جگہ ابہام ہے، ایک: «جن کا اس حصے میں بطور اسلامی احکام حوالہ دیا گیا ہے»، ابہام یوں ہے کہ موجودہ قوانین سے مراد وہ قوانین ہیں جن کا تذکرہ اس حصہ نہم میں ہے صرف انہیں اسلامی احکام کے مطابق بنایا جائے گا، باقی قوانین کے بارے میں یہ دفعہ ساکت ہے، اور یہ احتمال بھی ہے کہ پاکستان میں رائج تمام قوانین مراد ہوں۔ اور دوسری جگہ: «ایسا کوئی قانون وضع نہیں کیا جائے گا جو مذکورہ احکام کے منافی ہو» اس میں ابہام اس طرح ہے کہ مذکورہ احکام سے مراد وہ دفعات ہیں جو اس حصہ نہم میں درج ہیں، اور یہ احتمال بھی ہے کہ مذکورہ احکام سے مراد اسلامی احکام ہوں۔ بہر حال! اس مبہم اور ناقص دفعہ کی وجہ سے بعض لوگ آئین کے اسلامی ہونے کی بات کرتے ہیں، جو حد درجے باعث تعجب ہے۔

چوتھی بات یہ ہے کہ اگر اس دفعہ کا وہی مطلب لیا جائے جسے بعض لوگ آئین پاکستان کے اسلامی ہونے کے لئے توڑ مروڑ کر بطور دلیل پیش کرتے ہیں تب بھی عمل کی دنیا میں اس دفعہ نے کچھ بھی نہیں کیا، پاکستان بنے ۷۶ سال گزرے مگر آج تک پاکستان کے بیشتر قوانین غیر اسلامی ہیں، (تعزیراتِ پاکستان سمیت پاکستان کے پورے عدالتی قوانین پر کام چل رہا ہے، ان شاء اللہ ان میں غیر اسلامی قوانین کی نشاندہی کسی اور موقع پر کی جائے گی) پاکستان کے عدالتی نظام میں انفرادی معاملات سے لیکر اجتماعی امور تک اکثر وہی قوانین ہیں، جو پاک وہند پر انگریزوں کی طرف سے نافذ کردہ تھے، البتہ تعزیرات کے باب میں پہلے اس کا نام "تعزیراتِ ہند" تھا اور اَب اس کا نام "تعزیراتِ پاکستان" پہلے (انگریز دور میں) بھی چور کو مالی جرمانے یا چند سال قید کی سزا دی جاتی تھی اور اَب بھی، پہلے بھی زانی وزانیہ کی وہ سزا نہ تھی جو قرآن وسنت میں مذکور ہے اور اَب بھی نہیں، پہلے بھی حدِ قذف کی سزا معمول بہا نہیں تھی اور اَب بھی، پہلے بھی شراب نوشی کی سزا کوڑوں کی شکل میں نہیں دی جاتی تھی اور اَب بھی، بلکہ اَب تو پرمٹ حاصل کر کے شراب کا کاروبار اور پینا اور پلانا عام ہے، موجودہ سیکولر لابی کی کھلی چھوٹ کی وجہ سے اسے گناہ تک نہیں سمجھا جاتا، فحاشی عروج پر ہے، اور افسوس کا مقام یہ ہے کہ فحاشی حکومتی سرپرستی میں فروغ پا رہی ہے۔ سودی کاروبار حکومتی سطح پر (بینک، انشورنس وغیرہ کی شکل میں) جاری ہے، مگر تعجب ہے اُن نام نہاد مذہبی سکالرز اور درباری علماء پر کہ جو اس سب کچھ کو دیکھنے اور سمجھنے کے باوجود اِس آئین کے تقدس کے قائل اور داعی ہیں۔

اگر ذرا بھی حق بینی کا مظاہرہ کیا جائے تو اس بات کے سمجھنے میں دیر نہیں لگے گی کہ موجودہ جمہوری سسٹم میں ہزار سال گزرنے کے باوجود لارڈ میکالے کے بنائے ہوئے قوانین کو اسلامی بنانے کا عمل پورا نہیں ہوسکتا، الّا یہ کہ وطنِ عزیز میں حقیقی اسلامی انقلاب لا کر ان کی جگہ اسلامی فقہ کو نافذ کیا جائے۔

قارئینِ کرام سے گزارش ہے کہ آئین پاکستان کے اس دجل وفریب میں ہرگز نہ آئیں کہ اس میں بعض جگہ اسلام کا نام لیا گیا ہے، جا بجا اسلامی احکامات کا تذکرہ ہے۔ اس قسم کی باتیں صرف اس مقصد کے لئے لکھی جاتی ہیں کہ دیندار طبقے کو امید کی گھاٹیوں میں رکھ کر عملاً بے دینی کے لئے راہ ہموار کی جائے، عوام کو سیکولرازم کی طرف راغب کیا جائے، معاشرے کو کج روی کا دلدادہ بنایا جائے، وغیرہ وغیرہ۔

جاری ہے...

مفتی طارق محسود (رکن رہبری شوری و اعلامی کمیشن تحریک طالبان پاکستان) کی قیدیوں کے حوالے سے لکھی گئی کتاب

مظلوموں کی پکار قسط (6)

ا: یہود نے پہلی رکاوٹ "قلتِ تعداد" کا ازالہ ہمنواؤں کے ذریعے کیا:

عیسائیوں کے کلیسائی نظام میں جب خرابیاں بہت زیادہ ہوئیں تو اصلاح کی خاطر ایک جرمنی پادری «مارٹن لوتھر» نے ایک اصلاحی تحریک شروع کی جس کے بنیادی نکات درجِ ذیل ہیں:

۱: انسان کا خدا سے تعلق کسی کلیساء یا پادری کا مرہونِ منّت نہیں بلکہ بلا واسطہ تعلق ہے۔

۲: کسی پادری کو یہ اختیار نہیں کہ وہ کسی کے گناہ بخشوا کر اسے جنت کی ضمانت دے سکے۔

۳: اللہ انسان کے ساتھ تورات اور انجیل دونوں کے ذریعے خطاب کرتا ہے۔

۴: تورات پر عمل کے بعد ہی عیسائی کفارے کی عقیدے کی حقیقت پا سکتے ہیں۔

۵: کتب مقدّسہ کا پڑھنا اور سمجھنا ہر عیسائی کا حق ہے۔

۶: عیسائیت میں پپتسمہ، عشائیہ، ربانی اور چند رسوم کے علاوہ دیگر رسوم بدعت ہیں، جن میں سینٹ (ولی اللہ) یا راہب کی قبروں پر جانا اور انہیں وسیلہ بنانا شامل ہے۔

مگر حقیقت یہ ہے کہ اس تحریک کے نتیجے میں عیسائیت میں ایک ایسا نیا فرقہ پیدا ہوگیا، جو یہودیوں کو دین میں اپنا بڑا بھائی قرار دیتا تھا۔ اور نہ صرف "عہد نامہ عتیق" کو اپنا دینی ماخذ سمجھتا تھا، بلکہ یہودیوں کے عقائد (ارض الموعودہ، ہیکل سلیمانی، دعائے دانیال) پر بھی یقین رکھتا تھا اور ان کو یہودیوں کا حق سمجھتا تھا۔ اس کو آج "پروٹیسٹنٹ" فرقہ کہا جاتا ہے۔ اس طرح یہودیوں کو عیسائیوں میں اپنا ہمنوا مل گیا۔ یہ طبقہ یہود کا سب سے بڑا حامی طبقہ ہے، اس بات پر امریکہ اور برطانیہ کی تاریخ گواہ ہے، کہ جہاں اس فرقے کو سیاسی اثر و رسوخ مل گیا ان کے سیاسی زعماء کو صیہونی عیسائی کہا جانے لگا۔

صیہونی تحریک ۱۸۸۰ء میں وجود میں آئی، صیہونی ارضِ فلسطین میں ایک پہاڑ کا نام ہے، صیہونیت سے مراد وہ یہودی اور غیر یہودی تنظیمیں ہیں جو ریاست اسرائیل یعنی «ارضِ موعودہ» کے حصول کے لئے عملی جد و جہد کر رہے ہیں۔ اور خود «لوتھر» کے متعلق یہ مشہور ہے کہ وہ نسلاً یہودی تھا۔

مارٹن لوتھر کے دورِ حیات میں اگرچہ اس فرقہ کو عروج نہیں ملا مگر بعد میں «زونگلی، اور کال ون» جیسی شخصیات کے بل بوتے پر اس فرقے کو کافی تقویت ملی یہاں تک کہ پروٹیسٹنٹ فرقہ کلیسائے روم کے مدِمقابل ایک قوت کی شکل اختیار کر گیا، مگر رومن کیتھولک عیسائیوں نے ریاستی جبر کے ذریعے انہیں بددین قرار دیکر دبا دیا، مگر ختم ہونے کی بجائے مزید تیز ہوگئے۔

پروٹیسٹنٹ کا لغوی معنیٰ احتجاج کا ہے اور یہ نام اس لئے دیا گیا کہ جب کیتھولک چرچ نے ان کے خلاف تین سالہ رواداری ختم کرنے کا اعلان کیا جس کے نتیجے میں شامل شہزادوں نے احتجاج کیا اس احتجاج کی بناء پر لوتھرین فرقے کا نام پروٹیسٹنٹ پڑ گیا۔

خلاصہ کلام یہ، کہ یہودیوں کو عیسائیت میں اپنے ہمنوا مل گئے، اور وہ تقریبا تمام عیسائیوں کو یہ باور کرانے میں کامیاب ہوئے کہ فلسطین پر حکومت کا حق یہودیوں کا ہے، یہاں تک کہ عیسائی یہودیوں کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے خلاف غیر اعلانیہ اتحاد میں شامل ہوگئے۔ اور بہت سے یہودیوں کے عقائد ارض الموعودہ ہیکل سلیمانی اور عظیم تر اسرائیل کے قیام میں شامل ہیں۔

اور اس میں بھی شک نہیں کہ آج تمام مسلم دنیا میں ہر ملک میں یہودیوں کو مسلمانوں کی شکل و صورت میں بہتر ہمنوا مل چکے ہیں۔ تمام مسلم مما لک میں روشن خیال، ماڈرن مسلمان حضرات ناسمجھی میں یہود کے ہمکار ہوئے ہیں۔ اور یہود کے مقاصد عظمی کی تکمیل میں بڑے فخر کے ساتھ مصروف

عمل ہیں۔

دوسری رکاوٹ اللہ تعالیٰ کے حاکمیت اعلی کے نظریے کو سیکولرازم کے مختلف شکلوں کے ذریعے ختم کیا:

یہودیوں کے لئے مقاصدِ عظمٰی کے حصول میں دوسری اہم رکاوٹ پوری دنیامیں حاکمیت اعلیٰ کانظریہ تھا، جس کو یہود نے سیکولرازم (لادینیت) کے ذریعے ختم کیا، سیکولرازم مختلف اداروں میں مختلف حربوں کے تحت استعمال ہوا۔

جس کاخلاصہ یہ ہے کہ انقلابِ فرانس پر اس تحریک کے فلسفیوں نے عقل کی بنیاد پر عیسائی مذہب کو مسترد کر دیا، کلیسا اور بادشاہتوں کے اختیارات کو ختم کر کے جمہوریت کو نافذ کر دیا گیاپھر رفتہ رفتہ پورے یورپ میں جمہوری انقلابات برپاہوناشروع ہوگئے، یعنی یہ تحریک یورپ کے عوام میں دین بیزاری سے پڑی، جس کی بدولت یورپی عوام میں نئی لادین فکر کواپنانے کی امادگی پیدا ہوئی، جوبعد میں عقلیت پرستی کی راہ سے گزر کر انقلابِ فرانس کی شکل میں عیسائی مذہب سے چھٹکارہ پانے پر فتحیاب ہوئی۔ سب سے پہلالادین انقلاب امریکہ میں آیا جسے American Revolution کہاجاتاہے، اور آج ہم تمام مسلم ممالک میں اس لادینیت کامشاہدہ کر رہے ہیں، مذہب بیزار طبقہ ہر اسلامی ملک پر حاوی نظر آرہاہے، اور جدید تعلیم یافتہ طبقہ جو کہ جمہوریت کا سچے دل سے دلدادہ ہے، جمہوریت کے نفاذ میں ایڑھی چوٹی کازور لگارہاہے، اور عضب یہ ہے کہ اکثران میں سے جمہوریت کی ارتقائی منازل سے بالکلیہ ناقاقف ہیں۔

اور بہت ہی دردوافسوس کامقام ہے، کہ یہ روشن خیال تعلیم یافتہ طبقہ اس جاہلیت پر فخر بھی کرتاہے۔ اور اس کفروشرک پر مبنی تصورات اور خیالات جاننے کی وجہ سے اپنے کوبڑا سمجھدار، دانشور، مفکر اور مدبر خیال کرتا ہے، اور ان کفریات اور شرکیات سے ناواقف لوگوں کو جاہل اور تاریک خیال تصور کرتاہے، ان روشن خیال حضرات کی جہالت اور دانشوری پر صدہاصد ماتم کیاجائے تو بہت ہی بجاہوگا۔

قارئین حضرات اور بالخصوص معترضین اس بات کواچھی طرح ذہن نشین کرلیں کہ ان قیدیوں اور زخمیوں کا یہ پس منظر ہے جوگزر گیا، یہ لوگ ویسے منہ اٹھاکر میدانِ کارزار میں نہیں آئے ہیں۔ یہ لوگ ایک مخصوص فکر، سوچ اور نظریے کے تحت اس میدان میں اترے ہیں۔

قارئیں حضرات! آیئے! اس سے بھی پیچھے یعنی صفری نکتے سے ہمارے خلاف برسرِپیکار دشمن کے ساتھ اختلاف کی تفصیل بیان کئے دیتاہوں، تاکہ اپ لوگوں کواچھی طرح یقین ہوجائے کہ ان قیدیوں کاایک پس منظر ہے۔

انسان کی پیدائش میں نزاع:

مغربی افکار کے ساتھ اسلام کابنیادی اینٹ انسان کی پیدائش میں اختلاف ہے۔

فلاسفہ کے نزدیک انسان خود بخود آیاہے، ڈیکارٹ، روسو، جان لاک، کانٹ وغیرہ کانظریہ یہ ہے کہ انسان جب پیدا ہوا تو وہ ناتجربہ کار تھااور بیرونی دنیا سے خوف کھاتے ہوئے وہ کسی جائے پناہ کامتلاشی تھا، اس حالت میں اس نے اپنے ذہن میں فوق الفطرت ہستی کو تخلیق کیاجس کے تصور سے وہ اپنے آپ کوامن وراحت دلاسکے، اس فرضی ہستی کووہ اپناخالق سمجھ بیٹھا اور رفتہ رفتہ انسانی گروہوں نے مختلف صورتوں کے خالق بناکر انہیں پوجناشروع کر دیا۔ اس طرح مختلف مذاہب وجود میں آئے، لیکن قبل از انقلابِ فرانس کے طویل تجربات کے بعد انسان اپنے بارے میں اتناتجربہ کار ہوگیاکہ اسے راہنمائی کے لئے اب نہ کسی مذہب کی ضرورت ہے اور نہ ہی کسی خدا کی ضرورت ہے۔

کہتے ہیں: انسان اگرچہ آزاد پیدا ہوامگر مذہب کی تخلیق کے بعد وہ اسی کا غلام بن کر رہ گیا، اور خودہی اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو مخلوق بنادیا، حالانکہ در حقیقت انسان کانہ توکوئی خالق ہے اور نہ ہی وہ مخلوق، وہ تودراصل ایک ہیومن ہے جواپنے جیسے ہیومن کے ساتھ مل کر ہیومینیٹی یعنی انسانیت کو تشکیل دیتاہے۔

'نطشے' نے کہاکہ خدامر گیاہے۔ "فوکالٹ" نے کہاکہ انسان بھی مرگیا ہے۔ یہ مرنے والاوہی انسان تھاجوعہدِ ظلمات میں جی رہاتھا۔ "مشل فو" کہتاہے کہ انسان تواٹھارویں صدی میں پیدا ہواہے۔

خلاصۂ کلام یہ کہ اہلِ مغرب کے نزدیک انسان وہ ہے جو آزادی، مساوات، جمہوریت پریقین رکھتاہو، وہ آزادخیال ہو، لبرل ہو، اور اس کے برعکس جو انسان اب بھی خدا، وحی، رسولوں، آخرت اور قیامت پر یقین رکھتاہو وہ ان کے نزدیک انسان نہیں ہوسکتا۔

ان فلاسفہ کے نزدیک انسان کی زندگی کامقصد خواہشات کی تکمیل ہے، اور تکمیلِ خواہشات کے لئے بنیادی چیز سرمایہ ہے۔ اس بناپر سرمایہ دارانہ نظام بھی وجود میں آیا۔

اسلامی نقطۂ نظر سے انسان ''عبد'' ہے، اللہ تعالیٰ کا بندہ ہے اور انسان کی زندگی کا بنیادی مقصد اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ'' اس آیت میں فلاسفہ کے دونوں باتوں کی تردید ہے کہ انسان خود بخود آیا ہے نہ اس کا خالق ہے اور نہ یہ مخلوق ہے، دوسری بات یہ کہ انسان کی زندگی کا مقصد سرمایہ میں بڑھوتری ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''خَلَقْتُ'' کہ انسان کو میں نے پیدا کیا خود بخود پیدا نہیں ہوا، انسان کے مقصد کے متعلق فرماتے ہیں ''اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ'' کہ انسان کی زندگی کا مقصد عبادت ہے نہ کہ سرمائے میں بڑھوتری۔ دوسری جگہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ یَكُنْ شَیْـًٔا مَّذْكُوْرًا'' علما حضرات فرماتے ہیں کہ یہاں اس بات کا واضح بیان ہے کہ انسان کے اوپر ایک ایسا زمانہ گزرا ہے کہ اس کا نام و نشان بھی نہیں تھا، یہاں سے فلاسفہ کے اس بات کی نفی ہے۔ جو کہتے ہیں کہ انسان ہمیشہ سے ہوتا چلا آرہا ہے عدم کا اس پر کوئی زمانہ نہیں گزرا ہے وغیرہ۔ اس موضوع پر کافی سارے دلائل موجود ہیں مگر یہاں میں مختصراً اس بات کو سمجھانا چاہتا ہوں کہ وہ حضرت انسان جو کائنات کا محور سمجھا جاتا ہے، آگے جو نظام ہا بنائے جاتے ہیں ان میں اس انسان کا عمل دخل ہے، اس انسان کے لئے یہ اصول و قوانین بنائے جاتے ہیں، اور ان قوانین کو مرتب کرنا اور ان کا اجرا بھی اس حضرتِ انسان ہی کا کام ہے، تو سمجھنے کی بات یہ ہے کہ جب انسان کی ڈیفینیشن (تعریف) میں اتنا فرق ہے تو آگے اس کے متعلق قوانین میں ظاہر بات ہے کہ زمین آسمان کا فرق ہوگا، جس کا مشاہدہ آج ہم ہیومن رائٹس کی شکل میں کر رہے ہیں، اس کے علاوہ مسلم ممالک پر کفار کا یلغار بھی اسی فرق کا نتیجہ ہے۔ مسلمانوں میں تاریک خیالی اور روشن خیالی یا سیکولر، تہذیب یافتہ اور دہشت گرد، انتہاپسند وغیرہ کی جو تقسیم مغرب نے کر رکھی ہے اور گراؤنڈ ریئلیٹی بھی یہی ہے اس کی بنیادی وجہ بھی انسان کی تعریف میں یہی فرق ہے۔ اور غضب یہ ہے کہ بہت سے مسلمانوں کو ماڈرن پنے کے نشے اور مغرب کی اندھی تقلید کی وجہ سے اس باطل تقسیم کا ادراک تک بھی نہیں، بس حضرت صاحب کو ماڈرن بننے کے لئے سیکولر یا روشن خیال کا نام کافی ہے۔

اب یہ ایک ضروری امر ہے کہ انسان کو دو حصوں میں تقسیم کرنے والے نظریے کا اثر ریاست کی تحلیل پر بھی پڑے گا، آگے ہم اس تقسیم کے تناظر میں ریاست کے وجود کے متعلق بحث کرتے ہیں۔

بسم اللہ، نحمده ونصلی علی رسوله الکریم

اما بعد:

فأعوذ بالله من الشيطان الرجيم

بسم الله الرحمن الرحيم

﴿وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ﴾ (سورة هود: ١١٣)

وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «مَنْ أَعَانَ عَلَى قَتْلِ مُؤْمِنٍ وَلَوْ بِشَطْرِ كَلِمَةٍ لَقِيَ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ: آيِسٌ مِنْ رَحْمَةِ اللهِ» (سنن ابن ماجه)

دنیا کی زندگی (جتنی بھی لمبی ہو جائے) مختصر ہے، اور آخرت کی زندگی نہ ختم ہونے والی زندگی ہے، عقلمند ہے وہ شخص جو آخرت کی بھلائی کے لیے دنیا کی زندگی داؤ پر لگائے اور انتہائی بے وقوف ہے وہ شخص جو دنیاوی آسائش، زیبائش، خواہشات اور مناصب کے لیے اُخروی زندگی تباہ و برباد کرے۔

اسلام کے نام پر وجود میں آنے والے ملک "پاکستان" میں ۷۶ سال سے دیندار طبقے کے ساتھ ریاستی سطح پر جو ظلم ہو رہا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے، ناموسِ رسالت کے لیے آواز اٹھانے والے ہزاروں دیندار مسلمان ریاستی جبر و استبداد کا شکار ہوئے، ناموسِ صحابہ کے لیے آواز اٹھانے والے بے شمار علماء، طلباء اور دیندار مسلمانوں کو ریاستی اداروں کی نگرانی میں گلی گلی اور قریہ قریہ شہید کیا گیا، اور ان کے قاتلوں کو پکڑنے اور سزا دلوانے کے لیے آواز بلند کرنے والے ہزاروں عاشقانِ صحابہ کو حکومتی رٹ چیلنج کرنے کے بہانے سالہا سال تک پابند سلاسل کیا گیا، افغانستان و کشمیر میں جہاد کرنے والے مجاہدین میں سے بہت کم ایسے ہوں گے جو ریاستی جبر کے شکار نہ ہوئے ہوں، اربابِ مدارس کے ساتھ حکومتی رویہ سوتیلی ماں سے کسی صورت کم نہیں رہا ہے، مختلف بہانوں سے مدارس پر چھاپے لگاتے ہیں، علماء طلباء کو پکڑ کر لے جا کر ٹارچر کرتے ہیں، اگر اس سے بھی مدارس والے کنٹرول نہ ہوں تو اپنے غنڈوں کے ذریعے سرتابی کرنے والے مدارس کے علماء اور طلبہ پر وقتاً فوقتاً فائرنگ کا سلسلہ چلتا ہے۔

گزشتہ تین دہائیوں سے یہی کچھ دیکھنے میں آیا ہے، ایک کراچی ہی کی مثال لے لیں، جامعہ فاروقیہ، جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کی مختلف شاخوں گلشن عمر وغیرہ، جامعہ دار الخیر گلستان جوہر، احسن العلوم گلشن اقبال وغیرہ کے متعدد علماء اور طلباء کو حکومتی ایما اور سازش پر شہید کیا گیا، گزشتہ دنوں ایک بار پھر مدرسہ گلشن عمر کے طلبہ پر فائرنگ کی گئی جس میں کئی طلبہ شہید و زخمی ہوئے۔ اسی طرح جامعہ ابوبکر کراچی کے مہتمم مولانا ضیاء الرحمن صاحب کو ٹارگٹ کیا گیا، مستونگ میں ۱۲ ربیع الاول کو میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جلوس میں حکومتی اداروں نے دھماکہ کرایا، جس میں بہت سے مسلمان شہید ہوئے، جبکہ ایک سال کے دوران کئی کشمیری مجاہدین کو بھی ریاستی اداروں کی طرف سے ٹارگٹ کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ چنانچہ مولانا شاہ لطیف صاحب کو سیالکوٹ، سید خالد رضا کو کراچی، بشیر احمد پیر عرف امتیاز عالم کو اسلام آباد اور زاہد اخند کو اختر کالونی کراچی میں شہید کیا گیا۔

ایسے میں حالات کی نزاکت کو سمجھنے کا تقاضا تو یہ تھا کہ تمام دیندار طبقات اکھٹے ہو کر اس ظلم و جبر کی بساط کو لپیٹنے کے لیے کمربستہ ہو جاتے، انگریزوں کی بقیہ جات کو اس پاک وطن سے نکال باہر کرتے، اُلٹا اُن لوگوں کو کوسنا شروع کیا جو اسی دیندار طبقے کو نجات دلانے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے تھے، جنہوں نے ظالم ریاستی اداروں کی دکھتی ہوئی رگ پر ہاتھ رکھ دیا تھا، جو دیوانہ وار مغرب کی غلام افواج اور سفاک خفیہ اداروں کے خلاف برسرِپیکار تھے، جو بیک وقت عالمی دہشت گرد امریکہ اور اس کے اتحادیوں کو

افغانستان و پاکستان میں ناکوں چنے چبوانے میں مصروفِ عمل تھے، ایسے حالات میں دیندار طبقے کی ذمہ داری بنتی تھی کہ کھلے عام ان کی پشت پناہی کرتے، ان کے ہاتھ مضبوط کرتے، ان کی اخلاقی سپورٹ کرتے، ان کی مالی مدد کرتے، ان کے حق میں سڑکوں پر آکر لادین ریاستی اداروں کو سیاسی پریشر تلے لے آتے، حکومت اور ظالم سیکیورٹی اداروں کو مجبور کرتے کہ وزیرستان تا سوات جو ظلم شروع کر رکھا ہے اسے ختم کرو، اور انہیں نصیحت کرتے کہ پورے ملک میں مجاہدین اور دیندار طبقے کے خلاف جو کریک ڈاؤن شروع کر رکھا ہے اس پر قوم سے معافی مانگو، مگر تعجب اور افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اکثر دیندار طبقات نے خاموش رہ کر اس زرین موقع کو گنوادیا، اور حکومت نے اپنے بعض گماشتوں کے ذریعے دینی طبقات کی ترجمانی کے نام پر اپنے حق میں اور ظالم و سفاک سیکیورٹی اداروں کے حق میں فتوے جاری کروا دیئے۔

چاہئے تو یہ تھا کہ علمائے حق سر پر کفن باندھ کر میدان میں اتر آتے مگر ایک بار پھر خاموشی چھائی رہی، ان سرکاری فتاویٰ جات کی تردید کے واسطے قربانی دینے کے لیے چند ایک کے سوا کوئی میدان میں نہیں آیا، اُلٹا بعض سے زبردستی، بعض سے لالچ دیکر اور بعض کو بلیک میل کر کے دستخط بھی لے لیے۔

چنانچہ انہی فتاویٰ جات کی اساس پر ظالم سیکیورٹی ادارے دو دہائیوں سے ملک بھر میں ہزاروں مجاہدینِ اسلام کو جعلی مقابلوں میں انتہائی بے دردی سے شہید کر چکے ہیں اور آج بھی یہ سلسلہ بڑی تیزی کے ساتھ جاری ہے، جس علاقے میں مجاہدین کے ہاتھوں سیکیورٹی اداروں کی ٹھکائی ہوتی ہے تو اپنی خفت مٹانے اور عوام میں اپنا مورال برقرار رکھنے کی خاطر اُن بیچارے قیدیوں کو لاکر شہید کر دیتے ہیں جو اِن ظالم و سفاک اداروں کے ساتھ کئی کئی سال سے خفیہ سیلوں میں اتنے نحیف و لاغر ہو چکے ہوتے ہیں کہ اُن کی آنکھیں دھنسی ہوئی ہوتی ہیں، سالہا سال تک دھوپ نہ ملنے کے سبب ان کے چہرے سفید اور پیلے ہو چکے ہوتے ہیں، اِن جعلی مقابلوں میں شہید کیے گئے مجاہدین کی تصاویر اور ویڈیوز دیکھنے سے ہر کوئی بخوبی اندازہ لگا سکتا ہے کہ کسی بھی شہید کا وزن چالیس کلو سے بڑھ کر نہیں ہوگا، اور اُن میں اکثر کے سر کے بال مشین یا بلیڈ سے کاٹے ہوئے ہوتے ہیں، حالانکہ جن لوگوں نے مجاہدینِ اسلام کا حقیقی نظارہ دیکھا ہے یا دیکھتے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ میدانِ جنگ میں برسرپیکار مجاہدین کا حلیہ ایسا نہیں ہوتا۔

اگر یہ مجبور و مقہور قیدی شہداء کل قیامت میں اللہ رب العالمین کے حضور میں اپنا مقدمہ اُن علماء کے خلاف دائر کریں کہ ان کے فتویٰ کو اساس بنا کر سیکیورٹی اداروں نے ہمیں شہید کیا تو اُن کا کیا جواب ہوگا؟۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”مَنْ أَعَانَ عَلَى قَتْلِ مُؤْمِنٍ وَلَوْ بِشَطْرِ كَلِمَةٍ لَقِيَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ: آيِسٌ مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ“ یعنی جس شخص نے کسی مؤمن کے قتل پر ایک کلمے کے ذریعے بھی مدد کی تو وہ اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ اس کی دونوں آنکھوں کے مابین لکھا ہوگا: ”اللہ کی رحمت سے ناامید“۔

بعض مجاہدین سے سرزد غلطیوں کو بنیاد بنا کر ظالموں کے ہاتھ میں چھری تھمانا اور انہیں مجاہدین کو شہید کرنے کا سرٹیفکیٹ دینا کونسا مسئلے کا حل ہے؟ اگر غلطیوں اور غیر شرعی امور کو بنیاد بنا کر کسی کے خلاف فتویٰ دینا ضروری ہی ہو تو افواجِ پاکستان کے مظالم سے آنکھیں بند کرنا کونسا انصاف ہے؟ وزیرستان، درہ آدم خیل، خیبر ایجنسی، اورکزئی ایجنسی، مہمند ایجنسی، باجوڑ ایجنسی، دیر و سوات سمیت پورے ملک میں امریکی ایما پر آپریشنز کے دوران لاکھوں مسلمانوں کو بے گھر کرنا، ہزاروں کو شہید کرنا، ہزاروں کو لاپتہ کرنا، عمومی بمباری اور گولہ باری کر کے مساجد و مدارس کو نشانہ بنانا، برادر پڑوسی اسلامی ملک کے خلاف فضائی، زمینی اور لاجسٹک سپورٹ مہیا کرنا، مسلمانوں کو پکڑ کر امریکہ کے حوالہ کرنا انہیں نظر نہ آیا کہ اس کے خلاف بھی فتویٰ دیکر ریاستی اداروں کو باز رہنے کا کہیں؟؟؟!!!

اگر مجاہدین سے ناجائز کام سرزد ہوئے ہیں تو زیادہ قرین قیاس یہی ہے کہ یہ کام ان سے ناسمجھی میں ہوئے ہوں گے، کیونکہ پوری زندگی اسلام کے نفاذ کے لئے جان، مال اور عزت کی قربانی دینے والوں کے بارے میں خیر کا گمان کرنا چاہئے، جبکہ بالمقابل پاکستان کے ریاستی اداروں نے پاکستان بننے سے لیکر آج تک اسلام دشمنی ہی کی ہے، اس لئے ان کے کالے کرتوت اور مظالم کو لاعلمی اور ناسمجھی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ علماء کو زمینی حقائق کا ادراک کر کے فتویٰ دینا چاہئے، مسلمانوں کی جان، مال اور عزت و آبرو کے بارے میں بلا تحقیق و تدقیق فتوے دینا مناسب اقدام نہیں، (سلفِ صالحین ایسے معاملات میں بہت احتیاط کرتے تھے) ایک مسلمان دوسرے مسلمان پر نہ خود ظلم کرتا ہے اور نہ کسی مسلمان پر ظلم ہونے دیتا ہے، مسلمان کو چاہئے کہ ظالم کا ہاتھ روکے، نہ یہ کہ اس کا ہاتھ مضبوط کرے۔ اللہ رب العالمین کے دربار میں اپنی گلوخلاصی کے لیے اَب بھی موقع ہے کہ رجوع کیا جائے۔

لمحوں نے خطا کی صدیوں نے سزا پائی

وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و علی آلہ وصحبہ اجمعین

افغانی قوم کے انقلاب اور ان کی قوت کا سرچشمہ

کابل یونیورسٹی میں سعودی سفیر اور بڑی تعداد میں طلبہ کی موجودگی میں مفکر اسلام سید ابوالحسن ندوی رحمہ اللہ کا خطاب

محترم سفیر صاحب سعودی عرب، وائس چانسلر، سربراہان شعبہ جات، اساتذہ کرام اور عزیز طلبہ!

